© rasailojaraid.com



ابوالحسن علی ندوی کو حکومت سعودی عرب کی طرف سے تعلیم علمی و اصلاحی خدمات کے اعتراف کے طور پر شاہ فیصل ایوارڈ دینے کی اطلاع سے دارالعلوم میں خوشی کی لہر دوڑ گئی حکومت سعودی عرب کا اس قدر شناسی پر شکریہ ادا کیا گیا۔ اور جناب مدیر الحق صاحب نے دارالعلوم حقانیہ کی جانب سے مولانا موصوف کو مبارکباد کا پیغام بھیجا۔

**متفرقات** | ۵ر جنوری م ۱۴ر صفر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ آنکھوں کے معائنہ کے لئے لاہور تشریف لے گئے۔ مولانا فضل الرحیم صاحب جامعہ اشرفیہ لاہور نے خدمت و میزبانی فرمائی۔ جناب راجہ ممتاز صاحب میوہسپتال، جناب ڈاکٹر یقین صاحب، جناب محمد راشد رندھاوا اور جناب ڈاکٹر محمد منیر صاحب نے معائنہ فرمایا۔ جناب الحاج شیر افضل خان صاحب مرحوم کی نماز جنازہ پڑھانے کے لئے پروگرام سے قبل لاہور سے مراجعت فرما ہوئے

۱۹ر صفر م ۸ر جنوری۔ دارالعلوم حقانیہ کے بنیادی اور تاسیسی رکن جناب الحاج شیر افضل خان صاحب بدرشی کی نماز جنازہ میں حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے علاوہ اساتذہ اور اکثر طلباء دارالعلوم نے بدرشی جاکر شرکت کی۔

۷ر جنوری۔ افغانستان میں روسی تسلط کے خاتمہ اور مجاہدین کی فتح و کامرانی کیلئے دارالحدیث ہال میں اساتذہ اور طلبہ دارالعلوم نے ختم بخاری شریف کرایا۔ دعا سے قبل مولانا سمیع الحق صاحب نے حادثہ افغانستان پر مختصراً خطاب کیا اور بعد میں تضرع والحاح سے روسی افواج کی شکست اور افغانستان کی آزادی کی دعائیں کی گئیں۔

• پاکستان میں سعودی عرب کے مایہ ناز سفیر جناب محترم ریاض الخطیب کی اچانک وفات پر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کیطرف سے تعزیتی ٹیلیگرام دیاگیا اور حکومت سعودی عرب سے اظہار تعزیت کیا گیا۔

• جمعیۃ العلماء اسلام کوہاٹ کے سرگرم رکن جناب ابراہیم پراچہ کی وفات پر دعائے مغفرت کی گئی اور حضرت مہتمم صاحب اور جناب مدیر الحق کیطرف سے ان کے فرزند پرجوش طالب علم لیڈر جناب جاوید ابراہیم پراچہ کو تعزیتی تار دیا گیا۔

**ایک علمی خزانہ کا عطیہ** | دارالعلوم حقانیہ کے کتب خانہ کے لئے جناب نواب صاحب مرحوم ٹیری ضلع کوہاٹ کا قابل قدر کتب خانہ ان کے متعلقین نے وقف فرمایا۔ جس میں تفسیر و حدیث فقہ و اسماء الرجال اور تاریخ وغیرہ کی نہایت نایاب اور اہم کتابیں شامل ہیں۔ اور جس سے کتب خانہ دارالعلوم میں ایک وقیع اضافہ ہوا ہے انشاءاللہ یہ عظیم عطیہ مرحوم نواب صاحب کے لئے صدقہ جاریہ اور ایسی نجی کتب کی حفاظت و استفادہ جاری رکھنے کے لئے یہ اقدام بہترین نمونہ ثابت ہوگا۔ متعلقین دارالعلوم نواب صاحب اور ان کے تمام خاندان کی دینی و دنیوی سرخروئی کی دعاؤں کے مستحق ہیں۔

۲۷ر جنوری۔ مولانا سمیع الحق صاحب مدیر الحق نے اسلام آباد میں منعقدہ اسلامی وزراء خارجہ کانفرنس کے غیر معمولی اجلاس کی افتتاحی نشست میں سرکاری دعوت پر شرکت فرمائی۔



© rasailojaraid.com